Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۸ جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ مطابق ۴ جنوری ۱۹۲۶ء	نمبر ۱

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	استعفا منشی معین الدین [illegible]	۱و۲
۲	رخصت بابو رام [illegible] کلرک	۲
۳	اضافہ اسسٹنٹ [illegible]	۲
۴	رخصت [illegible] صاحب	۲و۳
۵	استعفا [illegible] صاحب	۳
۶	انسپکٹر صاحب مویشی خانجات	"
۷	اضافہ گریڈ [illegible]	"
۸	اضافہ [illegible]	"
۹	بابت تیاری [illegible] مسلات [illegible] سکرٹری	"
۱۰	نقشہ [illegible] اجلاس	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۲ دسمبر ۱۹۲۵ء

مثل عرضداشت صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات و صنعت و حرفت مندرجہ تحت۔

حکم

رپورٹ منظور ہوئی۔ حسب صراحت ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔
برجموہن لال [illegible] کلرک تعمیرات [illegible] ماہوار کو باضافہ

پانچ روپیہ ماہوار بجائے معین الدین حیدر دفتر تعمیرات میں مقرر کیا جائے اور بجائے برجموہن لال کے رادھے شیام مشاہرہ دار ۲۰ ماہوار کو باضافہ پانچ روپیہ ماہانہ تیس روپیہ تنخواہ پر مقرر کیا جائے۔ جگوتی سروپ ڈلیوری کلرک کی تنخواہ موجودہ میں پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جائے۔ شفیق احمد ملازم غیر مستقل کو تنخواہ موجودہ پچیس روپیہ ماہوار پر یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء مستقل کیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض

جناب عالی

منشی معین الدین حیدر نائب دفتر ہٰذا مشاہرہ دار ۱۵ ماہوار کی جگہ عرصہ سے خالی ہے۔ عارضی تقرر منشی شفیق احمد کا مشاہرہ ۲۵ ماہوار ہوا تھا اور کچھ عرصہ ہوا شفیق احمد کو منشی رادھے شیام کلرک سب ڈویژن مساوی تنخواہ دار سے تبدیل کیا گیا تھا۔ اب بنظر اصلاح کار سرکار یہ تجویز کیا گیا ہے کہ منشی برجموہن لال اکاؤنٹ کلرک تعمیرات تنخواہ دار ۲۵ ماہوار کو باضافہ ۵ ماہوار بجائے معین الدین حیدر دفتر ہٰذا میں مقرر کیا جائے۔ اور بجائے نامبردہ منشی رادھے شیام تنخواہ دار ۲۰ ماہوار کو باضافہ ۵ ماہوار مامور کیا جائے۔ اور بوجہ زیادتی کار سیلون سرکار منشی جگوتی سروپ ڈلیوری کلرک کو مشاہرہ موجودہ ۲۰ ماہوار میں ۵ ماہوار اضافہ دیا جائے۔ اور منشی شفیق احمد کو جو غیر مستقل ملازم ہے بمشاہرہ موجودہ ۲۵ ماہوار مستقل کر دیا جائے۔ منشی شفیق احمد کی میعاد ملازمت ۳۰ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء کو ختم ہو چکی ہے۔ لیکن اُس سے بدستور کام لیا جا رہا ہے۔ بنابران نامبردہ کی مستقلی یکم اکتوبر سے قابل منظوری ہے اس انتظام سے کوئی بیشی مصارف موجودہ میں نہ ہوگی۔ لہٰذا بحضور اقدس انور گزارش ہے کہ بصراحت بالا حکم منظوری بپیشگاہ ہمایوں سے صادر فرمایا جائے

والادب۔ دولت جاوید باد۔

[illegible]

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم (۹)

رخصت

۲۱ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثل عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت فرمیا بابو رام پرشاد ہیڈ کلرک دفتر سکریٹریٹ چھ ماہ بوضع تنخواہ۔

حکم

بابو رام پرشاد کی چھ ماہ کی رخصت بلا تنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ بکارگزاری بابو نندو جی لال منظور کی جاتی ہے۔ بابو رام پرشاد کی تنخواہ میں سے چالیس روپیہ ماہوار الاونس بابو نندو جی لال کو ملیگا اور باقی رقم تیس روپیہ ماہوار بچت سرکار ہوگی بنابراں اجرائے احکام کاغذات واپس ہوں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

بغرض اجرائے احکام صدر کو مرسل ہو۔ ۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثل عرضداشت صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ اضافہ مبلغ پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر مشاہرہ دار یکصد روپیہ از یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء۔

حکم

یکم اکتوبر سنہ ۱۹۲۵ء سے پچیس روپیہ ماہوار اضافہ اسسٹنٹ لیڈی ڈاکٹر کی تنخواہ موجودہ میں بموجب رپورٹ منظور کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری کئے جاویں

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۲ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ منظوری رخصت یک ماہ ہیڈ افسر از ۲۰ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء لغایت یکم فروری سنہ الیہ و انتظام کام زیر نگرانی میونسپل افسر صاحب۔

حکم

ہیلتھ افسر کی رخصت یک ماہ عاقبتی من ابتدائے ۲ جنوری ۱۹۲۶ء لغایت یکم فروری ۱۹۲۶ء بموجب رپورٹ منظور رہی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ دسمبر ۱۹۲۵ء

اشتہۂ تحریر صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت یکماہ این - کے وجر اسسٹنٹ سرجن بوجہ علالت -

حکم

بموجب رپورٹ رخصت مطلوبہ ایک ماہ منظور رہی احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲۵ دسمبر ۱۹۲۵ء

مثبتہ تحریر صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت و حرفت دربارہ منظوری رخصت یکماہ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات بوضع تنخواہ بوجہ علالت من ابتداء ۱۲ دسمبر ۱۹۲۵ء لغایتہ ۱۲ جنوری ۱۹۲۶ء -

حکم

بموجب رپورٹ سید ظہیر حسین انسپکٹر مویشی خانہ جات کی رخصت ایک ماہ بوضع تنخواہ منظور رہی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

اضافہ

۲ جنوری ۱۹۲۶ء

مثبتہ تحریر صاحب مہتمم بندوبست و تحصیلدار صاحب ملک بلا سفارش اضافہ تنخواہ سید عابد حسین گرداور تحصیل ملک بوجہ حسن انجام دہی کام و کمی تنخواہ

حکم

حسب سفارش صاحب مہتمم بندوبست و تحصیلدار صاحب ملک سید عابد حسین گرداور تحصیل ملک مشاہرہ دار ماہوار کی تنخواہ میں دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور رہی - احکام ضابطہ جاری ہوں -

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۲ دسمبر ۱۹۲۵ء

دربارہ دو روپیہ اضافہ تنخواہ پنڈت امنت رام ملازم ہائی اسکول

حکم

بوجہ استحقاق پنڈت امنت رام کا دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا گیا -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۴ دسمبر ۱۹۲۵ء

مدارس مفصلات کا کل صرف بجٹ انسپکٹری مدارس سے ہوتا ہے تحصیلات سے جو برآوردین تنخواہ مدرسین مفصلات کی آتی ہیں وہ براہ راست بخشیگری میں آتی ہیں - اور بخشیگری سے پاس ہوکر اجلاس ہٰذا کو بھیجدی جاتی ہیں اس طریقہ مجرائی برآوردین نقصان یہ ہے کہ صرف تنخواہ مدرسین مفصلات کا اندراج سررشتہ انسپکٹری میں نہیں ہوتا اور سررشتہ انسپکٹری کے بجٹ کا صرف معلوم کرنا ہو تو صحیح رقم صرف معلوم نہیں ہوسکتی - اسلئے آیندہ اس طریقہ کو تبدیل کردینا مناسب ہے - جو برآوردین تنخواہ مدرسین مفصلات سے بخشیگری سے وصول ہوں وہ بعد جانچ سررشتہ انسپکٹری مدارس کو بخشیگری سے واپس کیجائیں - سررشتہ انسپکٹری سے اجلاس ہٰذا میں برائے کارروائی مجرائی بھیجی جائینگی - اور سررشتہ انسپکٹری کے رجسٹر میں رقم تنخواہ کا صرف درج کرلیا جائیگا

لہذا حکم ہوکہ

حسب صراحت بالا احکام جاری ہوں - و یک نقل درج گزٹ کیجائے -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

علمی ذخیرہ

اعلیحضرت بندگان حضور پر نور خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل طبع ہوگئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے اس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو بھی دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اردو ترجمہ ہے۔ اس کی عمدگی اس کے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲ر ہر۔

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حادی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے اس میں خداوند عالم کے وجود اس کی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی ہے اس کی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲ر ہر۔

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصۂ چہارم جلد اول جامع حادی کے ملحقات میں ہے۔ جو در اصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اس میں اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک چہر۔

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست مفصل صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۱ لغایت ۲۷ دسمبر سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۵¾ آثار	۵¾ آثار	۵ آثار	۵¾ آثار		۶ آثار	
نخود خالص	۶¼ آثار	۶۔۲ آثار	۶۔۷ آثار	[illegible]		۷ آثار	
نخود کسہ آمیز	۶۔۲ آثار	۰	۶¾ آثار	۶¾ آثار	۰	۷۔۶ آثار	
کستر	نرخ بازار	۷۔۶ آثار	۶¾ آثار	۶¾ آثار		۶¾ آثار	
[illegible]	۵ آثار	۶ آثار	۶ آثار	۵ آثار		۶ آثار	
مونگ	۵ آثار	۵ آثار	۶ آثار	۵ آثار		۶ آثار	
مکا	۷۔۶ آثار	۷۔۰ آثار	۷۔۶ آثار	۶¾ آثار		۷ آثار	
جئی	۸ آثار	۰	۰	۸ آثار		۹۔۶ آثار	
گوجئی	۷ آثار	۰	۰	۷۔۶ آثار		۶ آثار	
عدس	۵۔۶ آثار	۰	۰	۷۔۶ آثار		۶ آثار	
ارہر	۷۔۶ آثار	۶ آثار	۰	۰		۱۰ آثار	
برنج	۵ آثار	۴ آثار	۴۔۳ آثار	۵۔۵ آثار		۵۔۵ آثار	
روغن زرد	[illegible]	۰	[illegible]	[illegible]		۱۰ آثار	
روغن سیاہ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]		۹۔۰ آثار	
روغن کنجد	۱۔۲ آثار	۱ آثار	۱ آثار	۱۔۱ آثار		۱ آثار	
نمک سانبھر	۱۲ آثار	۱۰۔۱۰ آثار	۱۳ آثار	۱۰ آثار		۱۲ آثار	
نمک لاہوری	۶ آثار	۱۰ آثار	۶ آثار	۵ آثار		۸ آثار	
قند سیاہ	۵ آثار	۵ آثار	۵ آثار	۳۔۰ آثار		۶ آثار	
باجرہ	[illegible]	۶ آثار	۵ آثار	[illegible]		۶ آثار	

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور